نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ڈیوس روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

پنجاب کلین ایئر پروگرام کے تحت 60 فیصد سبسڈی پر سپر سیڈر / پاک سیڈر کی فراہمی کیلئے کاشتکاروں سے درخواستیں مطلوب

لاہور: **17 جون 2026**: وزیراعلیٰ پنجاب کے ماحول دوست پروگرام "پنجاب کلین ایئر پروگرام" کے تحت 60 فیصد سبسڈی پر سپر سیڈرز / پاک سیڈرز کی فراہمی کے لئے کاشتکاروں سے درخواستیں مطلوب ہیں۔اس ضمن میں لاہور،شیخوپورہ،قصور،ننکانہ صاحب،فیصل آباد، جھنگ، چنیوٹ،ٹوبہ ٹیک سنگھ،سرگودھا،خوشاب،میانوالی،بھکر، حافظ آباد، گوجرانوالہ، سیالکوٹ، نارووال،منڈی بہاؤالدین، گجرات، چکوال،جہلم، راولپنڈی،اٹک، ملتان، خانیوال،لودھراں، وہاڑی، ساہیوال،اوکاڑہ، پاکپتن، بہاولپور، بہاولنگر، رحیم یار خان، ڈیرہ غازی خان،مظفرگڑھ اورراجن پور کے کاشتکار درخواست جمع کرانے کیلئے اہل ہیں۔اس ضمن میں درخواست فارم متعلقہ تحصیل کے زراعت آفیسر (توسیع)، متعلقہ مرکز،اسسٹنٹ ڈائریکٹرزراعت (توسیع) یا متعلقہ ضلع کے اسسٹنٹ ڈائریکٹر زرعی انجینیر نگ کے دفاتر سے مفت حاصل کئے جاسکتے ہیں یا محکمہ زراعت پنجاب کی ویب سائٹ **www.agripunjab.gov.pk** سے ڈاؤن لوڈ کیے جاسکتے ہیں۔شرائط وضوابط درخواست فارم پر درج ہیں۔اس پروگرام میں شامل ہونے کیلئے کاشتکار مکمل شدہ درخواستیں متعلقہ اسسٹنٹ ڈائریکٹرزراعت (توسیع) یا ضلعی ڈائریکٹر زراعت (توسیع) کے دفاتر میں **30 جون 2026**ء تک جمع کرا سکتے ہیں۔مزید معلومات کیلئے کاشتکار بروز سوموار تا ہفتہ صبح 8 بجے سے رات 8 بجے تک ایگریکلچرل ہیلپ لائن 0800-17000 پر کال کرسکتے ہیں۔

☆☆☆☆